# تبصرے

**Ash-Shafi'i's Risalah: Basic Ideas.** از ڈاکٹر خلیل سمعان تقطیع متوسط ضخامت ۹۰ صفحات. ٹائپ اعلیٰ اور روشن. قیمت پانچ روپے. پتہ: شیخ محمد اشرف کشمیری بازار۔ لاہور (پاکستان)

"الرسالہ" امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف ہے جس میں امام عالی مقام نے پہلی مرتبہ فقہ و حدیث کے اصول باضابطہ طور پر مرتب کئے ہیں اور بعد میں ان دونوں فنون پر جو کچھ کام ہوا ہے اس کی عمارت اسی بنیاد پر اٹھائی گئی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب جو مشہور مستشرق آرتھر جیفرے کی یادگار میں شائع کی گئی ہے۔ الرسالہ کے بنیادی مباحث جو کتاب و سنت، اجماع اور قیاس اور ناسخ و منسوخ کی بحث سے متعلق ہیں ان کا ملخص انگریزی ترجمہ پر مشتمل ہے۔ ترجمہ شگفتہ، سلیس اور صحیح و دیانت دارانہ ہے۔ شروع میں امام شافعی کے مختصر حالات اور اُن کے علمی کارناموں کا خصوصاً الرسالہ کا تعارف ہے۔ دیباچہ میں فاضل مترجم نے یہ عجیب بات لکھی ہے کہ "چونکہ میں مسلمان نہیں ہوں اس لئے الرسالہ کے موضوع بحث کے متعلق کچھ کہنے سے اجتناب کرتا ہوں" معلوم نہیں موصوف کو یہ خیال کس طرح پیدا ہوا جبکہ بیسیوں غیر مسلم علماء نے اسلامیات نے اسلامی علوم و فنون سے متعلق خوب کھل کر اور آزادی سے بحث کی ہے اور ان کی کاوشوں کی داد خود مسلمانوں نے دی ہے۔ بہرحال اس ترجمے سے یہ بڑا فائدہ ہوا کہ انگریزی داں حضرات اصول فقہ و حدیث کے بنیادی مسائل سے براہ راست واقف ہو سکتے۔

**Key to the door** از کیپٹن طارق سفینہ پریس تقطیع کلاں ضخامت ۵۸ صفحات ٹائپ اور کاغذ اعلیٰ۔ قیمت مجلد 7.50 پتہ انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک کلچر۔ کلب روڈ۔ لاہور۔

بقول جسٹس ایس اے رحمٰن کے جنھوں نے پیش لفظ لکھا ہے یہ کتاب دراصل مصنف کا